# فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام ملک کی تباہی وبربادی کا سبب ہے۔الطاف حسین، حیدرآباد کی نئی زونل کمیٹی سے گفتگو

لندن۔۔۔2اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ملک فرسودہ جاگیردارنہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے جوملک کی تباہی وبربادی کا سبب ہے۔ ملک وقوم اورتحریک کی کامیابی کا راز اسی میں ہے کہ غیر جانبدارانہ اور غیرمتعصّبانہ طرزعمل اختیارکیا جائے اور پسند ناپسند کو بالائے طاق رکھ کرصرف اورصرف صلاحیت، قابلیت اورمیرٹ کی بنیاد پرفیصلے کئے جائیں۔انہوں نے یہ بات ایم کیوایم حیدرآباد زون کی نئی زونل کمیٹی کے ارکان سے فون پر گفتگوکرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے سخت اورمشکل حالات میں تحریک کے کام کوآگے بڑھانے کے سلسلے میں محنت سے کام کرنے پرسابقہ زونل کمیٹی کوخراج تحسین پیش کیااورنئی زونل کمیٹی کوذمہ داریوں پرفائز ہونے پر مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے زونل کمیٹی کے ارکان پرزوردیا کہ تنظیمی کام کومزید منظّم کریں اورتنظیمی ماحول کوفروغ دیں اوراپنے آپ کوتحریکی تعلیم وتربیت کے مطابق ڈھالے۔انہوں نے کہا کہ تحریکی نظم وضبط اورنظریاتی لٹریچر کا صرف درس نہ دیا جائے بلکہ پہلے خودعمل کیا جائے پھردرس دینے کی کوشش کی جائے۔انہوں نے زونل کمیٹی کے ارکان پرزوردیا کہ وہ اقرباء پروری، دوستی یاری اور پسند ناپسند کی بنیاد پر ہرگز فیصلے نہ کریں کیونکہ یہ عمل کسی بھی تحریک کیلئے اچھا نہیں ہے۔اسلئے دوستی رشتہ داری کی بنیاد پرکسی کی بھی طرف ذراسا بھی جھکاؤ نہ تو ہونا چاہیے نہ دوستی رشتہ داری کی بنیاد پرکسی کے بھی خلاف عمل کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہم انتشار کیلئے نہیں بلکہ اتفاق واتحاد کیلئے کام کررہے ہیں اوراتحاد کیلئے تحریکی ذمہ داروں کا غیر جانبدار، ایماندار، دیانتدار ہونا اور پسند ناپسند، دوستی اور رشتہ داری کی قید سے اپنے آپ کوآزاد کرنا ہوتا ہے تاکہ کبھی تحریکی تنظیمی فیصلے کرتے وقت دوستی، رشتہ داری، پسند ناپسند کی زنجیریں صحیح فیصلے کرنے سے قدموں کوآگے بڑھنے سے روک نہ دیں۔انہوں نے کہا کہ ذمہ داروں کی باتوں کا اثر اسی وقت ہوسکتا ہے کہ جب ساتھیوں کی تربیت کیلئے ان کے منہ سے جوالفاظ نکل رہے ہوں ان کا عمل بھی ان الفاظوں کی ترجمانی کررہا ہو۔انہوں نے کہا کہ اللہ نے میری بات میں جوتھوڑا بہت اثر دیا ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ میں نے کبھی دوستی رشتہ داری، اقرباء پروری اور پسند ناپسند کی بنیاد پر فیصلے نہیں کئے۔ میں نے انسان کی منفی فطری چیزوں سے اپنے آپ کو پاک کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ تحریک میں بنیادی چیز یہ ہوتی ہے کہ کون سافرد اپنی صلاحیتوں، قابلیت اورنظریاتی وابستگی کے اعتبار سے کس پوزیشن کیلئے بہتر ہے لیکن اگرآپ کسی فرد کی تمام ترصلاحیت اورقابلیت کے باوجود محض اس بنیاد پراس کونظرانداز کررہے ہیں اوراسکا نام کاٹ رہے ہیں کہ اس سے کسی قسم کی ناچاقی ہوئی ہے تو یہ سراسر زیادتی، بددیانتی اورصلاحیت ومیرٹ کا قتل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک وقوم اورتحریک کی کامیابی کا راز اسی میں ہے کہ غیر جانبدارانہ اور غیرمتعصّبانہ طرزعمل اختیارکیا جائے اور پسند ناپسند کو بالائے طاق رکھ کرصرف اورصرف صلاحیت، قابلیت اورمیرٹ کی بنیاد پر فیصلے کئے جائیں۔انہوں نے کہا کہ صلاحیت، قابلیت ،نظریاتی وابستگی اورمیرٹ کی بنیاد پر فیصلے کریں توتحریک آگے بڑھتی ہے، ترقی کرتی ہے، وہ قوم پروان چڑھتی ہے اوروہ ملک ترقی کیا کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ماضی میں ہمارے ملک میں میرٹ کو ہمیشہ نظرانداز کیا گیا، باصلاحیت لوگوں کوپس پشت ڈالا گیا اورسفارش، اقرباء پروری، پسند ناپسند کی بنیاد پرنااہل لوگوں کوآگے لایا گیا،ان کوترقیاں دی گئیں جس کی وجہ سے ملک معاشی، سیاسی وانتظامی سطح پرکمزور سے کمزور ہوتا چلا گیا۔یہی وجہ ہے یہ آج صورتحال یہ ہے کہ زبان اوروعدوں کی ہمارے ملک میں کوئی حیثیت نہیں ہے اور میعار صرف یہ ہے کہ میری ترقی ہوجائے، میرے بھائی بہن کی ترقی ہوجائے اور مجھے کسی طرح سے اقتدار مل جائے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اگرہم نے اپنے آپ کونہیں سنبھالا تو کہیں ایسا نہ ہو کہ خدانخواستہ ہم بھی اس گلے سڑے سسٹم میں رہنے کے عادی ہوجائیں۔انہوں نے کہا کہ اب یہ ہم پرمنحصر ہے کہ ہم گندے ماحول میں رہنے کے عادی بنتے ہیں یا پاک، صاف، خوشگوارصحت منداورگندگی سے پاک ماحول میں رہنے کا اپنے آپ کوعادی بناتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ کیونکہ ایم کیوایم جاگیرداروں اوروڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے اور ملک سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتی ہے اسی لئے ملک کی تمام چھوٹی بڑی جماعتیں اس کے خلاف متحد ہوگئی ہیں اوران کے اندرایم کیوایم اورالطاف حسین کیلئے جوزہر بھرا ہے وہ لندن میں ہونے والی اے پی سی میں کھل کرسامنے آگیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ ذہنیت اوراپنے آپ کواس میں ڈھال لینا نظریاتی تحریکوں کی ضد ہوا کرتا ہے لہٰذا اس کلچر سے نظریاتی تحریکی کارکنوں کو ہمیشہ خود کو دور رکھنا چاہئے۔نظریاتی تحریکیں فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے وجود میں آتی ہیں نہ کہ اس میں ڈھل جانے کیلئے۔ ملک فرسودہ جاگیردارنہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے جوملک کی تباہی وبربادی کا سبب ہے۔اگرہم خوداس کلچر میں ڈھل جائیں گے توپھرہم میں اور جاگیرداروں، وڈیروں اورسرداروں میں کوئی فرق باقی نہیں رہے گا لہٰذا ذمہ داروں کے طرزعمل، بات چیت، چال چلن، انداز گفتگو، طرزعمل کسی میں بھی جاگیردارانہ وڈیرانہ کلچر کی ذرہ برابر جھلک نظرنہیں آنی چاہیے۔انہوں نے کہا کہ تنظیمی ذمہ داروں اورکارکنوں کوکرپشن، بے ایمانی، دھوکہ بازی جیسی چیزوں سے دور رہنا چاہیے اورایسے عوامی معاملات جن کا تنظیم سے کوئی تعلق نہیں ان میں نہیں پڑنا چاہیے مثلاً کرائے دار مالک مکان کا معاملہ، شادی بیاہ، طلاق کے مسائل وغیرہ۔انہوں نے زونل کمیٹی کے ارکان پرزوردیا کہ وہ تنظیمی کام کوبہتر بنانے کے ساتھ ساتھ حق پرست نمائندوں کی کارکردگی پربھی نظررکھیں کہ وہ عوام کی خدمت کیلئے کوشاں رہیں۔

## ایم کیوایم گڈاپ ٹاؤن کے کارکن رفیق مسیح کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 گجرو کے کارکن رفیق مسیح کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا ظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے۔

## کراچی میں جدید ایمبولینس نیٹ ورک کے قیام کا فیصلہ خوش آئند ہے، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔2، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے شہری حکومت کی جانب سے کراچی میں جدید ایمبولینس نیٹ ورک قائم کرنے کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے عوام کی بلاامتیاز وتفریق عملی خدمت میں مصروف ہیں۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے، قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کے مطابق شہریوں کی عملی خدمت میں کوشاں ہیں اور کراچی میں جدید ایمبولینس نیت ورک کے قیام کا فیصلہ کراچی کے عوام کیلئے حق پرست عوامی نمائندوں کا ایک اور تحفہ ہے۔انہوں نے کہا کہ کراچی کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر جدید آپریشن تھیٹر اور میڈیکل و پیرامیڈیکل اسٹاف سے آراستہ ایمبولینس سروس وقت کی اہم ضرورت تھی اوراس حوالے سے سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال کی جانب سے جدید ایمبولینس نیٹ ورک کے قیام کا فیصلہ شہریوں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔انہوں نے کہا کہ شہر میں جگہ جگہ فلائی اوورز، انڈر بائی پاسز جیسی جدید سڑکوں، سیوریج لائنوں کی تنصیب، شہر کے مختلف علاقوں میں پانی کی سپلائی، اسپتالوں اور ٹراما سینٹر جیسے منصوبوں کی تکمیل کے بعد کراچی میں جدید ایمبولینس نیٹ ورک کا قیام اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے زبانی جمع خرچ کے بجائے عملیت پسندی پر یقین رکھتے ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کراچی میں جدید ایمبولینس نیٹ ورک کے قیام کے فیصلے پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفی کمال، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور تمام حق پرست نمائندوں کو دلی مبارکباد پیش بھی کی۔

## حق پرست قیادت شہر کی ترقی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے، انور عالم

### نائن زیرو پر حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلر کے اجلاس سے خطاب

### اجلاس میں سٹی گورنمنٹ کی حق پرست قیادت کی جانب سے شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا

کراچی۔۔۔2، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو سے متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں حق پرست ٹاؤن ناظمین، نائب ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب یوسی ناظمین اور کونسلرز کا ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں شہری حکومت کی حق پرست قیادت کی جانب سے کراچی میں جاری ترقیاتی وتعمیراتی منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین شعیب بخاری، ڈاکٹر نصرت، شاہد لطیف، آنسہ ممتاز انوار اور محترمہ خورشید افسر بھی موجود تھیں۔اجلاس میں حق پرست ٹاؤن ناظمین اور یوسی ناظمین نے اپنے اپنے علاقوں میں جاری منصوبوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم نے کہا کہ حق پرست قیادت شہر کی ترقی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں ہے اور حق پرست قیادت کے دور میں جس طرح کراچی میں ترقیاتی وتعمیراتی منصوبے تیزی سے تکمیل پارہی ہے اس کی مثال گزشتہ 60 برسوں میں نہیں ملتی۔انہوں نے حق پرست عوامی نمائندوں پر زور دیا کہ وہ عوام کی زیادہ سے زیادہ خدمت کریں اور عوامی مسائل کے حل کیلئے اپنی صلاحیتیں مزید بروئے کار لائیں۔

## رفیق مسیح کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کی پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ ٹاؤن یوسی 4 گجرو کے کارکن رفیق مسیح کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور انہیں صبر کی تلقین کی۔

## سازشی عناصر ناپاک اور گھناؤنی سازش پر عمل کرنے سے قبل اپنے عبرتناک انجام کو یاد رکھیں، لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔2، اگست 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے لندن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے قتل کی گھناؤنی سازش کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کی سازش کرنے والے عناصر کو کہیں بھی جائے پناہ نہیں ملے گی۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کی امیدوں کا مرکز ہیں اور وہ جناب الطاف حسین کو نقصان پہنچانے کی سازش کو کسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ذرہ برابر بھی گزند پہنچی تو سازشی عناصر کو کہیں بھی جائے پناہ نہیں ملے گی۔ لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین نے حکومت برطانیہ سے مطالبہ کیا کہ وہ کروڑوں عوام کی دھڑکن جناب الطاف حسین کی حفاظت کیلئے خصوصی اقدامات بروئے کار لائے اور جناب الطاف حسین کی سلامتی کو نقصان پہنچانے والے سازشی عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کرے۔

☆☆☆☆☆